۳- طریقۂ محمدیؐ کے طریقوں میں سے ایک یہ ہے کہ جب اپنے گھر کی طرف لوٹو تو اس توبہ اور اس عہد کے حکم کی حفاظت کرو جو تم نے کر رکھے ہیں - اگر تم کہو کہ کیسے ان کی حفاظت کی جائے تو میں کہوں گا کہ تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ تم نے اپنے پروردگارِ بزرگ و برتر سے عہد کیا ہے کہ اس کی طاعت کو لازم پکڑو گے تو اس عہد کی حفاظت اس طرح ہو گی کہ زبان کو دن بھر غیبت ، چغل خوری ، جھوٹ اور ہر بے فائدہ گفتگو سے محفوظ رکھو کیونکہ فرشتے تمہارے دائیں بائیں تمہارے اقوال و افعال کو لکھ رہے ہیں - اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے مایلفظ من قول الالدیہ رقیب عتید (وہ کوئی لفظ منہ سے نکلنے نہیں پاتا مگر اس کے پاس ہی ایک تاک لگانے والا تیار ہے) اور اپنی آنکھوں کو اجنبی عورتوں اور اَمرد لڑکوں کی طرف نظر کرنے سے محفوظ رکھو اور بلا ضرورت ان کے ساتھ یکجا ہونے سے بچو اور جب یہ ہو جائے تو آنکھوں کی حفاظت کرو - اور اپنی نظر زمین پر جمادو اور اپنے دل کو مائل ہونے سے محفوظ رکھو کیونکہ اللہ بزرگ و برتر جانتا ہے جو کچھ تمہارے دل میں ہے پس اللہ بزرگ و برتر سے خیانت نہ کرو وہ تم پر مطلع ہے اور جانتا ہے جو کچھ تمہارے دل میں ہے - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجنبیوں کے ساتھ خلوت سے منع فرمایا ہے آپ کا ارشاد منقول ہے کہ "نہیں تنہا ہوا کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ مگر ان کا تیسرا شیطان ہوتا ہے" اور اَمرد بھی ایسا ہی ہے اس لیے ان اقسام سے بچو تاکہ یہ اس عہد کی عہد شکنی میں مبتلا نہ کر دیں جو تم نے اپنے پروردگار سے کر رکھا ہے - ورنہ توبہ کے بعد آنکھ اور قلب کے زنا کے ذریعے اپنے رب کی نافرمانی کے مرتکب ہو گے - اِسی طرح اپنے کان کو فحش باتوں سے محفوظ رکھو جن سے زبان کی حفاظت کرتے ہو کیونکہ قیامت کے دن بندے سے ان کے کان اور نگاہ اور دل کے ارادے کے متعلق سوال کیا جائے گا - اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

ان السمع والبصر والفواد کل اولئک کان عنہ مسئولا

بیشک کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے ان کی پوچھ گچھ ہو گی۔

پس اپنے رب کے محاسبے کے لیے تیار رہو اس طرح کہ طاعت کو لازم پکڑو اور اپنے اعضا کو گناہوں سے پاک رکھو۔ قریب ہے کہ تم اس سے سفید چہرے کے ساتھ ملو گے اور یہ فرمان بردار بندے کا چہرہ ہے اور تم پرہیز کرو اس بات سے کہ اس سے سیاہ چہرے کے ساتھ ملو اور یہ نافرمان بندے کا چہرہ ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یوم تبیض وجوہ و تسود وجوہ

جس دن بعض چہرے سفید ہوں گے اور بعض چہرے سیاہ ہوں گے۔

اسی طرح پیٹ کو حرام اور مشتبہ چیزوں سے بقدر استطاعت بچاؤ اور اپنے ہاتھوں کو اس چیز کے پکڑنے اور پاؤں کو اس چیز کی طرف جانے سے بچاؤ جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے یا ناپسند کیا ہے پس اس عہد اور توبہ کی حفاظت یہ ہے کہ اپنے سات اعضاء یعنی آنکھ ، کان ، زبان ، پیٹ ، شرمگاہ ، ہاتھ اور پاؤں کی نگرانی کرو ۔ یہ چیزیں اللہ تعالیٰ نے تمھیں دی ہیں۔ یہ تمھاری رعایا ہیں اور تم ان کی نگرانی کرنے والے ہو۔ ہر راعی سے اس کی رعیت کے متعلق باز پرس ہو گی ۔ پس جب تم ان کے متعلق طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک اور غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک اللہ بزرگ و برتر سے حیا کے باعث اس سے ڈرتے رہے جو تم پر مطلع ہے اور اس چیز کا جاننے والا ہے جس کے ساتھ تم حرکت کرتے ہو ، اس کی پاک ذات عرش پر اور ساتوں آسمان کے اوپر ہے۔ وہ تمھیں دیکھتا ہے اور تمھارے راز سرگوشی کو جانتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے تم کو اپنے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زبان سے حکم دیا ہے اور تم کو منع فرمایا ہے اور دو فرشتے تمھاری نگرانی کرتے ہیں اور جو کچھ تم اپنی زندگی میں کرتے ہو اس کو صحیفوں میں لکھتے رہتے ہیں ۔ اور وہ اعمال وزن کیے جائیں گے۔ پھر جب تم اللہ تعالیٰ سے اس طرح ڈرتے رہے جیسا کہ میں نے تم سے بیان کیا تو تم اس عہد کی حفاظت کرنے والے ہو گئے جو تم نے اپنے پروردگار بزرگ و برتر سے کر رکھا ہے اور تم متقیوں میں سے ہو گئے ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

انما یتقبل اللہ من المتقین

اللہ تعالیٰ متقیوں کا ہی عمل قبول کرتے ہیں

(جان لو کہ) جو کچھ میں نے تم سے بیان کیا اگر تم اس میں مشغول ہو گئے مثلاً تقوی کا حق ادا کیا ۔ موت اور آخرت کے لیے ، اور اللہ بزرگ و برتر کی ملاقات کے لیے مستعد ہوئے ۔ اوقات اور اعمال کی اصلاح اس امید میں کی کہ اللہ تعالیٰ سے سفید چہرے کے ساتھ ملاقات ہو اور اللہ راضی ہو ۔ قیل و قال اور وقت کو ان اعمال میں ضائع کرنے سے پرہیز کیا جن کو فرشتے قلمبند کر رہے ہیں اور ان کا نتیجہ آخرت میں ملے گا تو اللہ بزرگ و برتر کی مدد چاہو اور آخرت کی طرف اور

اس چیز کی طرف توجہ کرو جو کل تمھیں نفع پہنچانے والی ہے کیونکہ خدا کی قسم تم اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جاؤ گے اور وہ تم سے تمھارے اعمال کے متعلق سوال کرے گا پس سوال کے لیے جواب تیار کر رکھو، کمر بستہ ہو جاؤ اور ہوشیاروں اور فرمانبرداروں کے اٹھنے کی طرح اٹھو اور ان چیزوں کو چھوڑ دو جن میں تمھارے زمانے کے لوگ مشغول ہیں کہ ایک دوسرے سے الجھے ہوئے ہیں اور زمانہ کو واہی تباہی میں صرف کرتے ہیں اور اس چیز کی طرف متوجہ ہو جو کل تمھارے لیے نفع بخش ہو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يومئذ تعرضون لا تخفى منكم خافية (سورۃ الحاقہ ۱۸)

اس دن تم پیش کیے جاؤ گے اور تمھاری کوئی بات پوشیدہ نہ رہے گی۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

يحشر الناس حفاة عراة غرلا

لوگ اٹھائے جائیں گے ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کیے ہوئے۔

ایک دوسری حدیث میں ہے:

فينظر العبد عن يمينه فلا يرى الا ماقدم وعن شماله فلا يرى الاماقدم وبين يديه فلا يرى الا ماقدم - النار تلقاء وجهه فاتقوا النار ولو بشق تمرة فان لم يكن فبكلمة طيبة -

بندہ اپنے دائیں طرف نظر کرے گا تو وہی دیکھے گا جو اس نے پہلے بھیجا ہے اور بائیں طرف نظر کرے گا تو وہی دیکھے گا جو اس نے پہلے بھیجا ہے اور اپنے سامنے نظر کرے گا تو وہی دیکھے گا جو اس نے پہلے بھیجا ہے ۔ پس آگ سے بچو اگرچہ ایک کھجور کے ذریعے ہی ہو۔ اگر یہ بھی نہ ہو تو کم از کم اچھی باتوں ہی کے ذریعے سہی۔

۴۔ فقر محمدی کے طریقوں میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ جب تم پانچوں نمازیں پڑھو تو تمھارا قلب حاضر ہو اور اپنے پروردگار کے ساتھ معاملہ اس حال میں نہ کرو کہ تمھارا قلب غیر حاضر ہو ۔ بلکہ نماز اس کی طرح پڑھو جو اپنے مالک کا خیرخواہ ہو کہ اس کے سامنے حاضر ہو تو اپنے پورے جسم کے ساتھ ہو اور اس کی خدمت سے کوئی چیز اس کی الگ نہ ہو ۔ قلب کے ساتھ بھی حاضر ہو جس طرح اپنے جسم کے ساتھ حاضر ہو۔ اور نمازی کو جاننا چاہیے کہ وہ اپنے پروردگار اور اپنے خالق کے سامنے کھڑا ہے جو کہ اس پر مطلع ہے کہ اس کو دیکھتا ہے اور اس کے خطرات کو بھی دیکھتا ہے ۔ پس جب مؤذن کی آواز سنو تو اپنے آپ کو اس طرح بناؤ گویا تم اس کے حکم کو بجا لانے والے ہو پھر پورے طور پر اس طرح وضو کرو کہ ہر عضو کو تین بار دھوؤ ۔ پھر اپنے مالک کے گھر کا اس طرح قصد کرو کہ اس کی تعظیم کرنے والے ہو۔ ادھر ادھر متوجہ نہ ہو اور جلدی نہ کرو ۔ بلکہ ہیبت ، اطمینان اور وقار کے ساتھ چلو ۔ جب مسجد میں داخل ہونے لگو تو پڑھو:

بسم اللہ والحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک

اللہ کے نام سے (میں داخل ہوتا ہوں) ساری تعریف اللہ کے لیے ہے اور صلوۃ و سلام ہو اللہ کے رسول پر اے میرے اللہ میرے گناہوں کو بخش دے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

پھر امام کے دائیں جانب یا ٹھیک اس کے پیچھے صف اول کا قصد کرو۔ اگر تم کو ان سب جگہوں میں سے کوئی جگہ مل گئی تو اس کی فضیلت کے متعلق احادیث مروی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ اللہ اور اس کے فرشتے صفوں کے دائیں طرف والوں پر درود بھیجتے ہیں اس شرط کے ساتھ کہ تم کسی کو تکلیف نہ پہنچاؤ کہ ہجوم کے باعث اس کا دل ادھر ادھر متوجہ ہو جائے۔ جب تم اپنی نماز کی جگہ میں کھڑے ہو تو رب العزت کے سامنے اس طرح حاضر ہو جس طرح ایک ذلیل بندہ اپنے مالک کے سامنے کھڑا ہوتا ہے ۔کیا بندہ اس بات سے نہیں شرماتا ہے کہ جب والی شہر کے سامنے کھڑا ہو تو اس کی طرف پورے طور پر متوجہ ہوتا ہے اور اس کی سطوت اور اس کی بے عزتی کے خوف سے ادھر ادھر متوجہ نہیں ہوتا ہے اور جب بادشاہوں کے بادشاہ ، جباروں کے جبار اور سلطان السلاطین کے سامنے کھڑا ہو تو سب سے کم اس کی طرف متوجہ ہو کیونکہ بعض لوگ نماز میں تو ہوتے ہیں لیکن ان کا دل حساب میں ہوتا ہے یا بازار میں خرید و فروخت کرتا ہوا ہوتا ہے تو اس قسم کی نماز کا نام خرجی نماز ہے جو خرجی سامان کی طرح ہوتا ہے (خرجی اس تھیلے کو کہتے ہیں جو سواری کی پیٹھ پر ضروری اسباب کے لیے لٹکاتے ہیں) اور جو اللہ تعالی کے ساتھ خرجی سامان کا سا معاملہ کرے تو اس کے ساتھ بھی ویسا ہی معاملہ ہو گا ۔ اور جو اللہ تعالی کے ساتھ خلوص حضور اور محبت و تعظیم کا معاملہ کرے تو اس کو اس کے مطابق بدلہ ملے گا۔

پھر تکبیر کہو اور سورہ فاتحہ پڑھو۔ اور اس کو سمجھو کہ تم کیا کہہ رہے ہو اور کس سے کہہ رہے ہو اور کس کے سامنے کہہ رہے ہو۔ پھر اس کی عظمت کی وجہ سے عاجزی کے ساتھ رکوع کرو اور اسی طرح سجدہ کرو اور جب تم التحیات پڑھو تو حاضر رہو کیونکہ التحیات کے ذریعے تم اپنے پروردگار بزرگ و برتر پر اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجتے ہو تو ان کے ذکر کے وقت اور آخر نماز میں دعا کے وقت حاضر رہو۔

اخبار میں منقول ہے کہ بندہ جب نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو اللہ تعالی اپنے اور اس بندے کے درمیان حجاب کو اٹھا دیتا ہے اور اپنے معزز چہرے کے ساتھ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور فرشتے اس کے دونوں مونڈھوں سے فضا تک کھڑے ہوتے ہیں ۔ اس کی نماز کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں اور منادی ندا دیتا ہے کہ اگر نمازی جان لے کہ

کس سے سرگوشی کر رہا ہے تو ادھر ادھر متوجہ نہ ہو۔

ابو سلیمان دارانی نے فرمایا کہ جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو اللہ تعالی فرماتا ہے کہ میرے اور بندے کے درمیان سے پردہ ہٹا دو اور جب وہ ادھر ادھر متوجہ ہوتا ہے تو اللہ تعالی فرماتا ہے میرے اور اس کے درمیان پردہ لٹکا دو اور چھوڑ دو میرے بندے کو اس چیز کے ساتھ جس کو اس نے اپنے لیے اختیار کیا ہے۔

واضح ہو کہ جس شخص کا جو حال اللہ تعالی کے ساتھ ہوتا ہے تو وہ نماز میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جس شخص پر خوف کا حال ہو تو وہ نماز میں ظاہر ہوتا ہے۔ یا اگر محبت یا قرب یا اتصال اور شہوت یا حضور کا حال ہوتا ہے تو وہ نماز میں ظاہر ہوتا ہے کیونکہ نماز ایک رابطہ اور تعلق ہے اور جس پر نماز میں وسوسے غالب ہوں تو اس کا کوئی حال نہیں ہے۔

تم جان لو کہ تمھارے اس زمانے میں لوگوں کو حضور قلب اور حضور احوال قصائد سننے کے وقت حاصل ہوتا ہے اور اپنے پروردگار کے سامنے حاضر ہونے کے وقت یعنی نماز کہ اس میں بندے کو اپنے پروردگار سے انتہائی قرب کی حالت میں ہونا چاہیے اور قلب کو راحت حاصل ہونا چاہیے لیکن اس پر وسوسے اور خطرات غالب آجاتے ہیں تو یہ فقر فاسد کی علامت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ اپنے پروردگار سے انتہائی قرب کی حالت میں اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدے میں ہوتا ہے۔ پس جب بندہ انتہائی قرب کے موقع پر یعنی نماز کی حالت میں دور اور محجوب ہو تو اس کا کیا حال ہو گا جس کا دل بازار میں لگا ہو۔ اسی لیے کہا گیا ہے کہ جس پر نماز کی حالت میں وسوسے غالب ہوں تو اس کا کوئی حال نہیں کیونکہ انتہائی قرب کے موقع پر وہ محجوب ہے تو بعید ہونے کی صورت میں اس کا کیا حال ہو گا؟

۵- طریقہ محمدی کے طریقوں میں سے ایک طریقہ یہ ہے کہ وہ حقوق جو لازم ہیں یعنی قرض و امانت اور بیویوں کا نفقہ وغیرہ تو ان سے بری ہونے کی کوشش کرو۔ اگر کسی کی حق تلفی ہوئی ہو تو معاف کرالو اور یاد کرو کہ کسی کا تمھارے ذمے ایک حبہ یا ایک قیراط آتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی کوشش کرو جس طرح بھی ممکن ہو کیونکہ تمھیں اپنے پروردگار کے سامنے یقینا پیش ہونا ہے اور وہ تمھارا اس کے متعلق حساب لے گا۔ اس لیے کوشش کرو کہ تم اس سے اس حال میں ملو کہ تم ذمے داری سے چھٹکارا پائے ہوئے ہو اور دنیا میں رہائی آخرت سے زیادہ آسان ہے۔ حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق منقول ہے کہ جب آپ کے سامنے کوئی جنازہ لایا جاتا تو آپ دریافت فرماتے کیا تمہارے ساتھی پر قرض ہے؟ اگر لوگ جواب دیتے کہ ہاں۔ تو آپ فرماتے کہ تم اپنے ساتھی پر نماز پڑھ لو۔

۶- منجملہ ان کے یہ ہے کہ معاملے میں اور خرید و فروخت میں مسلمانوں کی خیر خواہی کرو

پس اپنے مسلمان بھائی کے لیے وہی چیز پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو - اور اس بات سے بچو کہ لینے میں جھکتا ہوا لو اور دینے میں کم دو - اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

ویل للمطففین الذین اذا اکتالوا علی الناس یستوفون - و اذا کالوہم اووزنوہم یخسرون - الا یظن اولئک انھم مبعوثون لیوم عظیم - یوم یقوم الناس لرب العالمین -

بڑی خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی کہ جب لوگوں سے ناپ کرلیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا دیں - کیا ان کو اس کا یقین نہیں کہ وہ ایک بڑے سخت دن میں زندہ کر کے اٹھائے جائیں گے جس دن تمام آدمی رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے

مختصر یہ کہ اللہ بزرگ و برتر سے ملنے کے لیے ہر ممکن طور پر اللہ سے مدد طلب کرتے ہوئے تیار رہو - لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم -

جہاں تک حقوق خلق کی نگرانی کا تعلق ہے تو معلوم ہونا چاہیے کہ دین کے دو حصے ہیں ایک حق تو مخلوق کا ہے خصوصاً ان محبت کرنے والوں بھائیوں کا جو وہ چیز طلب کرتے ہیں جو تم طلب کرتے ہو اور وہی چاہتے ہیں جو تم چاہتے ہو اور اس عمل کو پسند کرتے ہیں جو دار آخرت میں اللہ تعالیٰ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے سفید پیشانی کے ساتھ ملنے کا ذریعہ ہو -

اللہ تعالیٰ سے چہرے کی سفیدی کے ساتھ ملاقات تو اس کے احکام کی پیروی اور نواہی سے بچنے کے ذریعے حاصل ہو گی اور پورے طور پر شریعت کی پیروی کے ذریعے ہو گی کہ بندہ کوئی حرکت نہ کرے مگر یہ کہ شریعت کے مطابق حرکت کرے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے چہرے کی سفیدی کے ساتھ ملاقات سنت کی پیروی ، اس کے سننے اور اس پر عمل کے ذریعے حاصل ہوگی - پس جس شخص کا مقصود یہ ہو اور تقوی اور نیکی میں تعاون اور دستگیری کے لیے تمہاری صحبت میں آئے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے -

تعاونوا علی البر والتقوی

تعاون کرو نیکی اور پرہیزگاری پر تو مہربانی اور خیر خواہی کے ذریعے اس کا ساتھ دو یعنی جو تمہاری ضروریات سے بچ رہے اس کے ذریعے ایثار کرو - پس جبکہ وہ محتاج ہو اور جب اس سے کوئی کوتاہی دیکھو تو تعریف کے ذریعے اس کو نصیحت کرو تخفیف کے ذریعے نہیں - بعض وقت حلم سے کام لو اور بعض وقت اس سے نرمی کے ساتھ مطالبہ کرو اور کسی وقت اپنے حلم کی ترشی کو اپنے پروردگار کے لطف کی مٹھاس کے ساتھ ملاؤ اور اس کے لیے شفیق بھائی یا باپ کی طرح ہو جاؤ- اس کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو اس سے اپنے حصہ کا مطالبہ نہ کرو بلکہ اس سے اللہ تعالیٰ کے حقوق کا مطالبہ کرو کیونکہ حدیث میں آیا ہے:

ما انتقم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لنفسہ کان اذا انتھکت المحارم لم یقم لغضبہ شئی -

نہیں انتقام لیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات کے لیے جب کوئی محرمات کی پردہ دری کرتا تو پھر آپ کے غضب کا کوئی ٹھکانا نہ ہوتا۔

اور حق کی طرف تھوڑا تھوڑا کھینچو کیونکہ نفوس سرکش ہوتے ہیں ان کو رفق و نرمی کی ضرورت ہے۔ پس توجہ کرو اور اس سے قطع امید کی کوشش کرو اور اس کی صحبت اللہ بزرگ و برتر کے لیے اختیار کرو کسی فائدے کے حاصل کرنے کے لیے نہیں۔

ساتھی کی مثال جب اس سے کوئی برائی واقع ہو دو قسم پر ہے۔ ایک قسم تو یہ ہے کہ سہو و غفلت اور خطا و نادانی سے واقع ہو۔ اور اس کی علامت یہ ہے کہ جب یہ واقع ہو تو رشد و ہدایت کا طالب ہو کر اس برائی کے مٹانے کا طریقہ سیکھنا چاہے تو اس جیسے سے رفق کے ساتھ مطالبہ کیا جائے گا۔ پس اگر وہ معذرت خواہ ہو تو اس کا عذر قبول کیا جائے گا اور دل سے اس کا تعلق منقطع نہیں کیا جائے گا۔

دوسری قسم یہ ہے کہ مرید اپنے شیخ کو قصداً سفیہ (احمق) قرار دے اور اعلانیہ سخت بات کرے اور اس کے عیوب و نقائص سامنے اور پیٹھ پیچھے بیان کرے پھر لوٹ کر آئے اور عذر چاہے تو اس کا حکم یہ ہے کہ ظاہری طور پر اس کا عذر قبول کرے اور سلام قطع نہ کرے اور اس کے بعد اس کی صحبت اختیار نہ کرے کیونکہ مرید فقرا کی نافرمانی کرے تو اس کے لیے توبہ نہیں ہے کیونکہ وہ قلبی لطیفہ جس کی تربیت کے لیے محنت کی جاتی ہے اور نصیب الہٰی اس کو پہنچتا ہے منقطع ہو گیا۔ اس لیے کہ مرید کو حصہ اس وقت ملتا ہے جبکہ وہ اپنے شیخ کی تعظیم اور احترام کرتا ہو۔ شیخ جفا کرے تو بھی اس سے محبت کرے۔ اس کا برائی سے ذکر نہ کرے بلکہ اس سے کچھ دنوں تک صرف نظر کرے پھر لوٹ کر اس حال میں آئے کہ دل سے اس کی عزت و منزلت کی حفاظت کرنے والا ہو۔ کیونکہ جب شیخ سے سختی کے ساتھ بات کی تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ شیخ کا مرتبہ اس کے دل سے گر گیا ہے۔ پس اسلام کا ظاہری تعلق منقطع ہو جاتا ہے لیکن ہمیں قطع تعلق اور علیحدگی سے منع فرمایا گیا ہے اور اس قسم کا آدمی مناسب نہیں کہ اس کی صحبت اختیار کی جائے لیکن اس کا حق دیا جائے، اور اس کے شر سے محفوظ رہا جائے۔ اور مناسب ہے کہ فقراء کی صحبت عزت و تعظیم، احترام اور ایثار و تواضع کے ساتھ اختیار کرے۔ اور اغنیاء کی صحبت اس طرح اختیار کرے کہ ان سے اور ان کے ہاتھ میں جو کچھ ہے اس سے بے نیاز رہے اور طلب ان ہی کے لیے ہو اپنے لیے نہ ہو۔ پس جب وہ لوگ اس کو طلب کریں اور اس سے اللہ کے لیے اور اللہ ہی کی خاطر محبت کریں تو ان کی دعوت قبول کرے اور ان کے دستر خوان پر ان کا کھانا آسودہ ہو کر نہ کھائے۔ بلکہ ان کے دل رکھنے کے لیے کھائے تو یہ ان کے حق کی خاطر ہو گا۔ نہ کہ اپنی غرض کے لیے ہو گا اور ان کے پاس خاموشی سے کام لے۔ جب وہ اس سے سوال کریں

تو ان کے سوال کے مطابق جواب دے اور ان سے ساتھیوں کے مطالبہ کی طرح مطالبہ کرے اور ان کو اپنے دل میں مریدوں کا مرتبہ نہ دے کہ ان کے سامنے دقیق باتوں کی تحقیق بیان کرے ، ہر مرتبہ کا ایک حق ہے اور ہر شخص کے لیے ایک میزان ہے جس میں اس کو وزن کیا جائے اس لیے مناسب نہیں کہ چیزیں ان کی جگہوں کے سوا کسی اور جگہ رکھی جائیں- اسی سے معاملہ درست رہتا ہے - اور جو شخص تم سے شرانگیزی کرے یا تم سے کسی ایسے کام کا مطالبہ کرے جو اس کے فہم کی کوتاہی کی وجہ سے اس کے لیے مناسب نہیں اور تم کو اس کے متعلق قلب کے بدل جانے کا خوف ہو تو اس سے مدارات سے کام لو کہ خوش کن گفتگو کرو تاکہ تم اس کے شر سے محفوظ رہو اور کسی ایسی چیز میں نہ پڑ جاؤ جو تم ناپسند کرتے ہو -

مدارات اور مداہنت میں فرق ہے - مدارات یہ ہے کہ تم اپنے ضمیر کے خلاف ظاہر کرو تاکہ اس کے شر کو دفع کر سکو اور وقت محفوظ ہو - اور مداہنت یہ ہے کہ تم اس کا اظہار اس لیے کرو کہ دنیا کا کوئی حصہ اس سے حاصل کرو اور بسا اوقات بعض اعتبار سے مدارات مکر کے مشابہ ہو جاتا ہے اور یہ ہر حال میں بہتر ہے اس لیے کہ اس میں سلامتی ہے - اور جو شخص نہ سنے اور نہ سمجھے اس کے سامنے تحقیقی گفتگو بالکل شر ہے - پس ایسا فکر جس سے سلامتی حاصل ہو وہ اس تحقیقی گفتگو سے بہتر ہے جو شر کا سبب ہو - اور تحقیقی گفتگو اسی سے کرو جو صدق دل سے چاہتا ہو کہ تم سے تحقیق کرے اور جو شخص تم سے اپنے کو برتر سمجھتا ہے تو تم اس سے اس پر گفتگو سے پرہیز کرو بلکہ اس سے مدارات کرو اور اس سے پہلو تہی کرو -

ایسے لوگوں کی صحبت نہ اختیار کرو جو تمہارے مطلب کو طلب نہ کریں اور نہ تمہاری مراد کا ارادہ کریں اور نہ اس کی صحبت اختیار کرو جو فقراء کو حقیر سمجھے اور ان کی اہانت کرے اور نہ اس کی صحبت اختیار کرو جو تم پر اپنی خدمت و رفاقت اور ایثار کا احسان جتلانے والا ہو - ان سبھوں میں سے کسی کی صحبت میں کوئی بھلائی نہیں -

لوگ فقر کی بات کرتے ہیں لیکن یہ نہیں جانتے کہ اس کی حقیقت کیا ہے اور نہ اس کی بدایت و نہایت جانتے ہیں - فقر کو صرف اس کے اہل ہی جانتے ہیں میں تم سے بدایات فقر میں سے ایک نکتہ بیان کرتا ہوں- جب تم اس کو جان لو گے تو فقر کی عزت بھی جانو گے - اور فقر کی نہایت بھی جانو گے - جو شخص فقر کے میدان میں داخل ہوا اور اس میں اسی وقت داخل ہوسکتا ہے جبکہ اوامر کی بجا آوری اور ظاہری ممنوعات کے اجتناب سے فارغ ہو جائے تو اس کے بعد سب سے پہلی حالت اس کی یہ ہوتی ہے کہ اپنے دل کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ محفوظ رکھے جس طرح متقی اپنی زبان کان اور آنکھ کو محفوظ رکھتا ہے- اس شخص کے متعلق تمہارا کیا گمان ہے کہ اس کے دل میں جب بھی کوئی ایسا خطرہ گزرتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا ہے تو وہ توبہ

کرتا ہے - ان میں بعض وہ ہیں جن کا قلب درست ہے اور ان کے قلوب صالح ہیں کہ ان میں اکثر حق بات ہی گزرتی ہے -یہی لوگ اولیاء ہیں جو اللہ بزرگ و برتر سے شرماتے ہیں کہ ان کے دلوں میں کسی حرام یا خلاف باتوں کا گزر ہو اس لیے کہ وہ لوگ اس کی نظر اور اس کے علم پر یقین رکھتے ہیں - پس جب ہم اس درجے تک نہیں پہنچے حالانکہ یہ ابتدائی درجہ ہے تو پھر کیوں نہ فقر کے دعوے سے شرمائیں -

اور میں فقراء کی بدایات میں سے اول بدایت کے متعلق ایک اور نکتہ بیان کرتا ہوں کہ اوامر کی بجا آوری اور ممنوعات سے اجتناب اور قلوب کی حفاظت کے بعد ان کے دلوں پر حق تعالیٰ کا ارادہ اور اس کی طلب ظاہر ہو جاتی ہے - اللہ بزرگ و برتر کی طلب کی خاطر ارادہ کی آگ ان کے دلوں میں بھڑک اٹھتی ہے پھر ان کے دل دنیاوی مقاصد اور ضروریات سے خالی ہو جاتے ہیں اور بُرے مطلوب سے فارغ ہو جاتے ہیں جب ہم اس درجے تک بھی نہ پہنچے حالانکہ وہ بدایات میں سے ہے تو فقر کا دعویٰ ہمارے لیے کس طرح صحیح ہو سکتا ہے؟ ہم نے تو بدایات کی خوشبو بھی نہیں سونگھی -

جہاں تک فقرائے و اصلین کا تعلق ہے تو ان کے حالات بیان کرنے کی گنجائش اس جگہ نہیں ہے کیونکہ ہمارا مقصود اختصار ہے اور قلوب بدایات ہی کے سننے کے لیے تنگ ہیں تو نہایات کے سننے میں ان کا کیا حال ہو گا - اور ہم پر واجب ہے کہ ہم اپنے آپ پر روئیں کہ ہم آج ایسے لوگوں میں پھنس گئے ہیں جن کا مشغلہ ظلم اور حرام خوری ہے - ان کے خیال میں حلال وہ ہے جو ان کو مل جائے اور حرام وہ ہے جو ان کو نہ ملے اور دن بھر لقمہ حاصل کرنے کے لیے گھومتے رہتے ہیں - یا کسی حسین کو دیکھ کر لطف اندوز ہوتے رہتے ہیں - احوال ظاہر کرتے ہیں اور اس کے ذریعے لوگوں کا مال کھاتے ہیں اور یہ لوگ لمبے چوڑے دعوے کرتے ہیں حالانکہ نہ تو ظاہر میں اسلام کی خوشبو اور نہ باطن میں ایمان کی خوشبو انھوں نے سونگھی ہے - سماع کی محفلیں برپا کرتے ہیں اور رات رات بھر اس میں رقص کرتے ہیں - پھر جب نماز پڑھتے ہیں تو کوے کی طرح ٹھونگیں مارتے ہیں اللہ تعالیٰ سے کس قدر دور ہیں کہ امراء کی خدمت میں حاضری اور ان سے فتوح (نذرانہ) وصول کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں - ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ ان لوگوں کو ہم سے دور رکھے - یہ لوگ راہزن ہیں - اللہ کے راستے میں ان کی رہزنی راہ کے چوروں سے زیادہ سخت ہے کیونکہ یہ لوگ جن کو دیکھ کر جاہل سمجھتا ہے کہ یہی فقر ہے یا دین یہی ہے- اس طرح یہ لوگ دین پر ڈاکہ ڈالتے ہیں- چنانچہ لوگوں کا مال ناحق کھاتے ہیں اور اللہ کے راستہ سے روکتے ہیں - اللہ تعالیٰ زمین کو ایسے لوگوں سے پاک کرے اور ان کے آثار کو مٹا دے- ان لوگوں نے دین کو گندہ اور سیاہ کر دیا ہے - یہ حقیقت میں نفاق ہے کہ انسان حال

اس لیے ظاہر کرے کہ اس کے ذریعے لوگوں کا مال کھائے -

اللہ تعالی کی رضا مندی ہو ان لوگوں پر جو خوف و خشیت اور تعظیم و مراقبہ والے ہیں سنت کی معرفت رکھتے ہیں اور متابعت کرنے والے ہیں مستور الحال ہیں کہ اللہ ان کو پہچانتا ہے ور وہ لوگ اللہ کو پہچانتے ہیں - یہی لوگ دربار الٰہی کے اہل اور نفحات قدسیہ کے مستحق ہیں - للہ تعالی کی سلامتی ان پر ہو - اللہ سبحانہ و تعالی سے درخواست ہے کہ وہ ہم کو اور تم سبھوں کو س بات کی توفیق دے جو اس کو محبوب اور پسندیدہ ہے اور ہم کو اور تم کو اس چیز سے بچائے جو اس کو ناپسند اور ناگوار ہے آمین -

۷- فقر محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) والوں کی علامت یہ ہے کہ جب وہ قرآن سنتے ہیں تو مست ہو جاتے ہیں اور متکلم سبحانہ و تعالی اپنے صفات قدسیہ کے ساتھ ان کے دلوں پر جلوہ فگن ہوتا ہے-

تعجب ہے ان لوگوں پر جو محبت الٰہی کا دعوی کرتے ہیں لیکن محبوب کا کلام سن کر تو ان کا دل وجد میں نہیں آتا ہے - اور وجد میں آتا ہے تو اس وقت جبکہ قصائد سنیں اور تالی پیٹی جائے - لیکن جو لوگ اللہ بزرگ و برتر کے دیوانے ہیں قرآن کا سننا ان کے دلوں کی شفا ہے اور ان کے قلب کی راحت ہے - متکلم سبحانہ و تعالی حاضر ہوتا ہے - یہ لوگ اس کے کلام میں ، اس کے امر و نہی میں ، وعدہ و عید میں ، قصص و اخبار میں اور مواعظ میں اس کا مشاہدہ کرتے ہیں ، اس لیے ان کے قلوب پر رقت طاری ہوتی ہے اور ان کی روحیں شوق و محبت کے ساتھ کھنچتی ہیں اور ان کے نفسوں کی صفات بجھ جاتی ہیں متکلم سبحانہ و تعالی کی عظمت ان پر غالب آجاتی ہے اور اس کی رحمت و الطاف اور اجلال و اکرام کے مشاہدہ کی وجہ سے محبت کے ساتھ ان کے قلوب کھنچتے ہیں -

ان لوگوں کی بات نہ سنو جو کہتے ہیں کہ قرآن انسانی طبائع کے مناسب حال نہیں اس لیے اس کے سننے سے تم کو وجد نہیں آتا اور شعر انسان کے مناسب ہے اس لیے اس سے رقت طاری ہوتی ہے - یہ کلام فاسد ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے بلکہ اس کا سبب یہ ہے کہ شعر اپنے اوزان کی وجہ سے طبائع کے لیے محرک ہوتا ہے خصوصاً اس وقت جبکہ کوئی شخص سریلے نغمے مثلاً کوشت اور رہاوی (یہ راگ کے نام ہیں) میں شعر کہے اور اس پر تالی کی آواز کا اضافہ ہو اور یہاں ایک قوم تھی جو رقص کرتی تھی تو اس قسم کی چیزیں بچے اور بہائم کے لیے فطرت اور جبلت ی بنا پر محرک ہوتی ہیں ایمان و یقین کی بنا پر نہیں - اہل یقین تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحاب ہیں اور وہ لوگ ہیں جنہوں نے بعد میں احسان کے ساتھ ان کی پیروی کی - قرآن ان کے س یقین کو حرکت دیتا ہے جو ان کے دلوں میں جاگزین ہے- اس لیے ان کے دلوں کی حرکت ،

خشوع ، وجد ، بدن کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا یقین و معرفت کی بنا پر ہوتا ہے طبیعت اور جبلت کی بنا پر نہیں - اس بات کو سمجھ لو۔

اللہ تعالی نے فرمایا:

اللہ نزل احسن الحدیث کتابا متشابھا مثانی تقشعر منہ جلود الذین یخشون ربھم ثم تلین جلو دھم و قلو بھم الی اللہ (الزمر - ۳۲)

اللہ تعالی نے بڑا عمدہ کلام نازل فرمایا ہے ایسی کتاب ہے کہ باہم ملتی جلتی ہے بار بار دہرائی گئی ہے -جس سے ان لوگوں کے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں بدن کانپ اٹھتے ہیں پھر ان کے بدن اور دل نرم ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں -

پس اللہ تم پر رحم فرمائے - اشعار کا سننا چھوڑ دو اور آیات کے سننے کو لازم پکڑو - اگر ان کے دلوں کو قرآن پر وجد سے محروم پاؤ تو سمجھ لو کہ متکلم کی معرفت سے اس کو حصہ بہت کم ملا ہے کیونکہ لوگوں میں وہ شخص جو اللہ تعالی کی معرفت زیادہ رکھتا ہے اس کو اللہ کا کلام سننے کے وقت زیادہ خشوع حاصل ہو گا اس لیے کہ اس نے ایسی ذات کا کلام سنا ہے جس کی وہ معرفت رکھتا ہے - اور اللہ تعالی سے ناواقف شخص کے دل میں شعر کی وجہ سے جو وجد آتا ہے تو اس لیے کہ اللہ تعالی سے ناواقف ہے اور قرآن سنکر اس کو وجد نہیں آتا ہے تو اس لیے کہ وہ صاحب قرآن سے ناواقف ہے- پس اگر تم سماع پر عمل کرو تو ایسے قاری سے سنو جو اللہ سے ڈرنے والا ہو، خوش آواز ہو - اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی مشابہت اختیار کرو -

الحمد للہ کہ یہ ترجمہ ۵ شعبان المعظم ۱۳۹۹ء مطابق یکم جولائی ۱۹۷۹ء بروز یکشنبہ مکمل ہوا - ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔

ابوالفتح محمد صغیر الدین

حواشی

(۱) الاصل : صفا

(۲) الاصل : کلامہم

(۳) الاصل : ظہوراھرھم

(۴) الاصل : التحقیق

(۵) الاصل : العبادہ

(۶) الاصل : الاجابہ

(۷) الاصل : لیعلموا

(۸) الزیادۃ من المصحح

(۹) الاصل : بتقی

(۱۰) الاصل : ترالناس

(۱۱) سورۃ ق - ۱۸-

(۱۲) الزیادۃ یقتضیھا النص

(۱۳) الاصل : الواحش

(۱۴) سورۃ الاسراء : ۳۶-

(۱۵) سورۃ آل عمران : ۱۰۶-

(۱۶) الاصل : اعطاؤک

(۱۷) الاصل : فتجاری

(۱۸) سورۃ المائدہ : ۲۷-

(۱۹) الاصل : قلیل

(۲۰) الاصل : اشتغل

(۲۱) سورۃ الحاقۃ : ۱۸-

(۲۲) الترمذی : باب ماجاء فی شان الحشر

(۲۳) ایضا : باب ماجاء فی شان الحساب والقصاص

(۲۴) الاصل : لماہ

(۲۵) الاصل : سطوطہ

(٢٦) الاصل : السطان

(٢٧) اسمه عبدالرحمٰن ، بن عطيه ويقال : عبدالرحمٰن ابن احمد بن عطيه دهومن اہل داريّا قرية من قرى دمشق مات سنة خمس عشرة ومائتين (طبقات الصوفيه لابى عبدالرحمٰن السلمى ص ٧٥)

(٢٨) الاصل : ارجوبا

(٢٩) الاصل : كانت

(٣٠) الاصل : وساوس

(٣١) سورة التطفيف - ١

(٣٢) الزيادة يقتضيها النص

(٣٣) سورة المائده : ٢

(٣٤) الاصل : وصحبه

(٣٥) ہكذا البياض فى الاصل

(٣٦) الاصل : سوء

(٣٧) الاصل : فالنا

(٣٨) ہكذا البياض فى الاصل

(٣٩) الاصل : مدارة

(٤٠) الاصل : ليكن

(٤١) الاصل : اشتهيت المداراة المكر

(٤٢) ہكذا البياض فى الاصل

(٤٣) ہكذا البياض فى الاصل

(٤٤) الاصل : بدوخله

(٤٥) بالنواحى

(٤٦) الزيادة يقتضيها النص

(٤٧) الاصل : ليستحى

(٤٨) الزيادة يقتضيها النص

(٤٩) الاصل : بنذو

(٥٠) الاصل : عليها

(٥١) الاصل : ان

(۵۲) الاصل : ذلک الدعاوی المفرضہ

(۵۳) الاصل : الکلام

(۵۴) الاصل : لایسمع

(۵۵) نوعان من انواع النغمات فی الموسیقی (انظر : سہ شر طہوری)

(۵۶) سورۃ الزمر : ۲۳-